نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سرآغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

ملکی زراعت کا مستقبل ہائی ویلیو ایگریکلچر خصوصاً پھلوں اور سبزیوں کی پیداوار اور زرعی برآمدات میں اضافہ سے منسلک ہے۔ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (پلاننگ) پنجاب شیریں ناز

لاہور 24 اگست 2022: زرعی سائنسدان گندم، کپاس، دھان، مکئی، پھلوں، سبزیوں، دالوں اور تیلدار اجناس کی نئی اقسام پر تحقیق کا عمل تیز کریں اور کاشتکاروں تک نئی اقسام کا بیج جلد از جلد پہنچانے کیلئے اقدامات کریں۔ان خیالات کا اظہار ایڈیشنل سیکرٹری زراعت پلاننگ پنجاب شیریں ناز نے ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد میں شروع کیے گے اے ڈی پی پروجیکٹس کی بریفنگ کے دوران کیا۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پلاننگ شریں ناز نے زرعی سائنسدانوں پر زور دیا کہ وہ زرعی تحقیقی منصوبوں پر کام تیز کریں اور مقررہ مدت میں مکمل کریں تاکہ موسمایتی تبدیلیوں کے چیلنجز کا مقابلہ کیا جاسکے۔چیف سائنٹسٹ، ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد ملک محمد نواز خان میکن نے ادارہ میں جاری زرعی تحقیقی پروجیکٹس بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ تھل اور چولستان کے علاوہ پنجاب کے کم بارشوں والے علاقوں میں کھجور کی کاشت کے فروغ کیلئے ضلع جھنگ میں جدید نرسری کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔اس نرسری میں پاکستان میں مقبول 8 اقسام کے علاوہ مشرق وسطی کے ممالک بلخصوص سعودی عرب سے بھی 7 اقسام درآمد کی گئی ہیں۔اگلے چند سالوں میں اس نرسری سے کاشتکاروں کو معیاری پودوں کی فراہمی شروع کی جائے گی جس سے جو کی برآمدات میں نمایاں اضافہ ہوگا۔انھوں نے مزید بتایا کہ زرعی تحقیقاتی ادارہ سبزیات میں کثیر لاگت سے انٹرنیشنل معیار کے مطابق ہائی ٹنل کی تنصیب مکمل ہوگئی ہے۔جس میں ہائی ویلیو کراپس، ادرک، ٹماٹر، کھرا، مرچ، گھوبی وغیرہ کی دوغلی اقسام پر تحقیق کی جائے گی اور کاشکاروں کو مقامی ان سبزیوں کی مقامی دوغلی اقسام متعارف کروائی جائیں گی۔اس تحقیقی عمل سے سبزیوں کے غیرملکی اقسام کی بیجوں کی درآمد پر خرچ ہونے والے قیمتی زرمبادلہ کی بچت ممکن ہوگی۔انھوں نے بریفنگ کے دوران سیکرٹیری پلاننگ کی توجہ اس جانب مبزول کروائی کہ مختلف فصلوں بلخصوص سبزیوں اور کماد کے زرعی سائنسدانوں کی بیرون ملک ٹریننگ کیلئے جلد منظوری دی جائے۔اجلاس کے بعد سیکرٹری پلاننگ زرعت پنجاب نے چیف سائنٹسٹ ملک محمد نواز خاں میکن کے ہمراہ ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد کے مختلف شعبوں کا دورہ کیا اور شعبہ سبزیات کے فیلڈ ایریا میں نصب جدید ٹنل کا معائنہ بھی کیا۔

☆☆☆☆